Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 پیر ،9 فروری 2026ء، 20 شعبان المعظم 1447ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 297

کوئی ایک ملک تنہا دہشت گردی کا مقابلہ نہیں کر سکتا، صدر زرداری

طالبان نے نائن الیون سے پہلے کے دور سے زیادہ خطرناک حالات پیدا کردیے ہیں، پاکستان کا مشرقی ہمسایہ طالبان رجیم کی مدد کررہا ہے جو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے اور عالمی امن کے لیے خطرہ بن چکا ہے

کچھ ممالک دہشت گردوں کو نا صرف براہِ راست مالی معاونت فراہم کرتے ہیں بلکہ انہیں تکنیکی اور عسکری ذرائع بھی فراہم کرتے ہیں، صدر مملکت آصف علی زرداری

دبئی: چیئرمین سینیٹ آف پاکستان کو ایک سووینئر پیش کیا جا رہا ہے۔ سید کاشف علی کی پاکستان میں جمہوریہ مالڈووا کے اعزازی قونصل کے طور پر تقرری کی پروقار تقریب میں سید یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ طالبان نے نائن الیون سے پہلے کے دور سے زیادہ خطرناک حالات پیدا کردیے ہیں، پاکستان کا مشرقی ہمسایہ طالبان رجیم کی مدد کر رہا ہے جو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے اور عالمی امن کے لیے خطرہ بن چکا ہے، کچھ ممالک دہشتگردوں کو نا صرف براہِ راست مالی معاونت فراہم کرتے ہیں بلکہ انہیں تکنیکی اور عسکری ذرائع (بقیہ نمبر 2)

بلوچستان کے مسائل کو سمجھے بغیر انکا حل تلاش نہیں کیا جا سکتا

ماضی کی غلطیوں کو بدلا نہیں جا سکتا تاہم مستقبل کے لیے درست سمت کا تعین کرنا ناگزیر ہے

وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ کا عاصمہ جہانگیر کانفرنس سے خطاب

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں جاری مسائل کو سمجھے بغیر ان کا حل تلاش نہیں کیا جا سکتا، ماضی کی غلطیوں کو بدلا نہیں جا سکتا تاہم مستقبل کے لیے درست سمت کا تعین کرنا ناگزیر ہے، بلوچستان (بقیہ نمبر 3)

سعودی حج ویزا بائیومیٹرک کروانے کی ڈیڈلائن ختم

سعودی ویزا بائیومیٹرک کے بغیر حج ویزا کا حصول ممکن نہیں ہوگا، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (این ای این) سعودی حج ویزا بائیومیٹرک کروانے کی ڈیڈلائن ختم ہوگئی اس حوالے سے ترجمان مذہبی امور نے کہا کہ حج ویزا کے حصول کیلئے 8 فروری تک بائیومیٹرک کروانا لازمی دی گئی تھی، عازمین حج گھر بیٹھے سعودی (بقیہ نمبر 6)

امریکہ سب سے زیادہ سونا رکھنے والا ملک بن گیا

جرمنی کے پاس 3,350، اٹلی 2,452، فرانس 2,437، روس 2,327 ٹن سونے کے ذخائر موجود

لاہور (این ای این) امریکہ سب سے زیادہ سونا رکھنے والا ملک ہے جس کے پاس تقریباً 8,133 ٹن سونے کے ذخائر ہیں۔ ٹریڈنگ اکنامکس ویب سائٹ کی رپورٹ کے مطابق جرمنی تقریباً 3,350 ٹن، اٹلی (بقیہ نمبر 5)

مریم نواز کا زندہ دلانِ لاہور کو خراج تحسین

سیف بسنت کا تصور لاہور کے بعد دوسرے شہروں میں بھی اپنایا جائے گا‘ وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے بسنت پر حفاظتی ایس او پیز پر عمل کرنے پر اہل لاہور کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ خوشی ہے کہ لاہور والوں نے ہمارے اعتماد کی لاج رکھی، شاباش لاہور۔ ایک (بقیہ نمبر 4)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا بسنت کے موقع پر حفاظتی ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنانے پر اہل لاہور کو خراج تحسین

اہل لاہور نے اعتماد کی لاج رکھ لی

خوشی ہے لاہور والوں نے ہمارے اعتماد کی لاج رکھی، لاہور آج بہت خوش ہے، میں بھی بہت خوش ہوں، الحمدللہ لاہور والوں نے قواعد وضوابط پر عمل کر کے محفوظ بسنت منانے میں اہم کردار ادا کیا

خوش وخرم مگر محفوظ بسنت کا تصور پوری طرح اپنایا گیا، کھابے کھائے گئے بچوں پر پیچ لڑائے گئے، ہوا کے جوش پر پتنگوں کی آنکھ مچولی ہوتی رہی، یہی خوشی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بسنت کے موقع پر حفاظتی ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنانے پر اہل لاہور کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ خوشی ہے کہ لاہور والوں نے ہمارے اعتماد کی لاج رکھی ہے۔ لاہور بہت خوش ہے، میں بھی بہت خوش ہوں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ الحمدللہ لاہور والوں نے قواعد وضوابط پر عمل کر کے محفوظ بسنت منانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ خوش و خرم مگر محفوظ بسنت کا تصور (بقیہ نمبر 15)

دبئی: چیئرمین سینیٹ آف پاکستان ایچ ای سید یوسف رضا گیلانی پاکستان میں جمہوریہ مالدووا کے اعزازی قونصل سید کاشف علی کی تقرری کے موقع پر منعقدہ پروقار تقریب میں گروپ فوٹو میں

آئی سی سی اور بی سی بی کے وفود کی لاہور آمد

لاہور (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے ڈپٹی چیئرمین عمران خواجہ اور صدر بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ امین الاسلام پاکستان پہنچ گئے ہیں، جہاں ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ (بقیہ نمبر 8)

پاکستان کا غزہ بورڈ آف پیس کے پہلے اجلاس میں شرکت کا فیصلہ

اجلاس 19 فروری کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی زیر صدارت منعقد ہوگا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان غزہ بورڈ آف پیس کے پہلے اجلاس میں شرکت کرے گا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے غزہ بورڈ آف پیس کے پہلے اجلاس میں شرکت کا باضابطہ فیصلہ کرلیا۔ ذرائع نے کہا کہ اجلاس 19 فروری کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ (بقیہ نمبر 7)

چیئرمین سینیٹ آف پاکستان ایچ ای سید کاشف علی کی پاکستان میں جمہوریہ مالدووا کے Hpnorary قونصل کے طور پر تقرری کی پروقار تقریب میں سید یوسف رضا گیلانی بطور مہمان خصوصی شرکت کر رہے ہیں

شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا اولین ترجیح ہے

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز نے چار روزہ تعطیلات کے دوران بھی صفائی کے عمل کو بھرپور انداز میں جاری رکھا

تعطیلات، رش اور تفریحی مقامات پر غیر معمولی ہجوم کے باوجود صفائی کے مثالی انتظامات کیے گئے، سی ای او آر ڈبلیو ایم سی

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز نے چار روزہ تعطیلات کے دوران بھی صفائی کے عمل کو بھرپور انداز میں جاری رکھا اور شہر کو زیرو ویسٹ رکھنے کے لیے فیلڈ میں مسلسل موجود رہے۔ تعطیلات، رش اور تفریحی مقامات پر غیر معمولی ہجوم کے باوجود صفائی کے مثالی انتظامات کیے گئے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن اور ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت راولپنڈی ویسٹ (بقیہ نمبر 22)

قومی سطح کی مشق سی گارڈ 2026ء کا انعقاد

پاک بحریہ کی یہ مشق میری ٹائم ڈومین میں روایتی اور غیر روایتی خطرات کے خلاف تیاری کو بڑھانے کی مسلسل کوششوں میں ایک اور اہم سنگ میل ہے

پاکستان کے سمندری ماحول میں درپیش حقیقی دنیا کے چیلنجوں کی عکاسی کرنے کے لیے منظرنامے تیار کیے گئے ہیں

اسلام آباد (این ای این) پاکستان نیوی 2 سے 9 فروری 2026 تک ملک کے اہم میری ٹائم زونز بشمول کراچی، اورماڑہ، گوادر اور ملحقہ ساحلی علاقوں اور سمندر میں اہم قومی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ایک قومی سطح کی مشق SEA GUARD 2026 کا انعقاد کر رہی ہے۔ یہ مشق پاک بحریہ کی میری ٹائم سیکیورٹی، بین ایجنسی کوآرڈینیشن اور میری ٹائم ڈومین میں روایتی اور غیر روایتی خطرات (بقیہ نمبر 1)

چیئرمین سینیٹ آف پاکستان ایچ ای سید کاشف علی کی پاکستان میں جمہوریہ مالدووا کے Hpnorary قونصل کے طور پر تقرری کی پروقار تقریب میں سید یوسف رضا گیلانی بطور مہمان خصوصی شریک ہیں

راولپنڈی، یوٹیلیٹی بل زیادہ آنے پر 22 سالہ نوجوان نے خودکشی کرلی

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ پیرودھائی کے علاقے گلی لوہاراں میں 22 سالہ نوجوان نے یوٹیلیٹی بل زیادہ آنے پر مبینہ طور پر خودکشی کر لی۔ تفصیلات کے مطابق فاروق خان نے شہ رگ پر چھری پھیر کر زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ پولیس موقع پر پہنچی اور سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج حاصل کر کے تحقیقات شروع (بقیہ نمبر 9)

بے نامی جائیداد کی نشاندہی پر نقد انعامات کا اعلان

20 لاکھ روپے تک کی بے نامی جائیداد کی نشاندہی پر جائیداد کی مالیت کا 5 فیصد اطلاع دینے والے کو دیا جائے گا

20 لاکھ روپے سے 50 لاکھ روپے تک کی مالیت کی جائیداد پر ایک لاکھ روپے اور 20 لاکھ روپے سے اوپر کی مالیت پر 4 فیصد دیا جائے گا

50 لاکھ روپے سے زائد کی مالیت کی جائیداد پر 2 لاکھ 20 ہزار روپے اور 50 لاکھ سے اوپر مالیت کا 3 فیصد دیا جائے گا

اسلام آباد (اے پی پی): حکومت نے بے نامی جائیداد یا ٹرانزیکشن کو قابل سزا جرم قرار دیتے ہوئے بے نامی جائیداد کی نشاندہی پر نقد انعامات کا اعلان کیا ہے۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل انسداد بے نامی اینیشیٹو کے ذرائع کے مطابق 20 لاکھ روپے تک کی بے نامی (بقیہ نمبر 16)

خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

یہ کارروائی انسانیت، امن اور قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے، سردار حسیب خان

فتح جنگ (این ای این) پی پی رہنما وامیدوار یونین کونسل ملال سردار حسیب خان نے اپنے بیان میں کہا کہ ترلائی کلاں میں ہونے والے اندوہناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں یہ بزدلانہ کارروائی انسانیت، امن اور قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے انھوں نے مزید کہا کہ ہم شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا گو ہیں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ذمہ دار عناصر کو جلد از جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور ایسے اندوہناک واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تفصیلات کے مطابق پی پی رہنما وامیدوار یونین کونسل ملال سردار حسیب خان نے اپنے بیان میں کہا کہ ترلائی کلاں میں ہونے (بقیہ نمبر 23)

وزارت اطلاعات کے زیراہتمام دہلی گیٹ میں میوزک کنسرٹ

صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا، امریکہ اور برطانیہ سے فیملیاں لاہور میں بسنت منانے دہلی گیٹ پہنچیں

صرف لاہور نہیں سارے پاکستان نے لاہور میں بسنت منائی، خوشیوں کا موقع فراہم کرنے پر قوم مریم نواز کی مشکور ہے‘ عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) بسنت کے تیسرے روز بھی لاہوریوں کا بسنت کا بخار عروج پر رہا۔ دہلی گیٹ میں وزارت اطلاعات وثقافت کے زیراہتمام بسنت بہار پروگرام کا انعقاد کیا گیا، صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا، امریکہ اور برطانیہ سے فیملیاں لاہور میں بسنت منانے دہلی گیٹ پہنچیں۔ بسنت کے تیسرے روز میوزک کنسرٹ بھی ہوا، گلوکار ندیم عباس لونے والا اور (بقیہ نمبر 10)

گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی پاک ریڈ کریسنٹ ٹیچنگ ہسپتال کے نئے بلاک کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں

خوفناک ٹریفک حادثے میں حاملہ خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق

حیدر آباد (این این آئی) نواحی علاقے میں خوفناک ٹریفک حادثے میں حاملہ خاتون سمیت 4 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق یہ افسوسناک حادثہ ٹنڈو جام میں کسانہ موری کے قریب پیش آیا، تیز رفتار کار بے قابو ہو کر حادثے کا شکار ہوئی، حادثے میں ایک خاتون زخمی بھی ہوئیں۔ (بقیہ نمبر 17)

دھابیجی میں پمپنگ اسٹیشن پر بجلی کا بریک ڈاؤن

پائپ لائن پھٹ گئی، لائن کی مرمت میں 24 گھنٹے کا وقت لگے گا

کراچی (این این آئی) دھابیجی میں پانی کے بیک پریشر سے 72 انچ قطر کی پائپ لائن نمبر 5 ایک بار پھر پھٹ گئی ہے۔ دھابیجی میں پائپ لائن پھٹنے سے لاکھوں گیلن پانی ضائع ہوگیا ہے اور بڑا علاقہ زیرآب آگیا ہے، واٹر کارپوریشن کے عملے نے متاثرہ لائن کا وال بند کر کے مرمت کا کام ہنگامی بنیاد پر شروع کردیا ہے۔ واٹر کارپوریشن (بقیہ نمبر 24)

لاہور: صدر بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ امین الاسلام چیف ایگزیکٹو آفیسر سلمان نصیر کے ہمراہ ایئرپورٹ سے باہر آ رہے ہیں

گجرات، 3 سالہ بچی کھیلتے ہوئے کھلے گٹر میں گر گئی

گجرات (این این آئی) سرائے عالمگیر میں 3 سالہ بچی کھیلتے ہوئے کھلے گٹر میں گر گئی۔ گجرات کی تحصیل سرائے عالمگیر میں تین سالہ بچی کھیل رہی تھی کہ کھلے گٹر میں گر گئی، اہل محلہ نے اپنی مدد آپ کے تحت بچی کو گٹر سے نکال کر ہسپتال پہنچایا۔ اہل علاقہ کے (بقیہ نمبر 11)

آئی جی اسلام آباد کا شہر کے مختلف مقامات کا دورہ

سکیورٹی ڈیوٹیز کا جائزہ لیا، ڈیوٹی پر مامور افسران وجوانوں سے ملاقات

پولیس افسران کو سخت چیکنگ، موثر نگرانی و پیشہ ورانہ طرز عمل یقینی بنانے کی ہدایات

اسلام آباد (این ای این) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے شہر کے مختلف مقامات کا دورہ کر کے سکیورٹی ڈیوٹیز کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر مامور افسران وجوانوں سے ملاقات کی، حوصلہ افزائی کی، جبکہ پولیس افسران کو سخت چیکنگ، مؤثر نگرانی اور پیشہ ورانہ (بقیہ نمبر 18)

ماں کا دودھ صرف صحت نہیں معاشی وانسانی سرمائے کی ضمانت ہے، ڈاکٹر مختار برتھ

کام کی جگہوں پر ماؤں کو سہولیات فراہم کرنا اور غلط معلومات کا مقابلہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈپٹی کنٹری ڈائریکٹر یونیسف

تقریب میں قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اراکین، ماہرینِ غذائیت، ماہرینِ اطفال اور وزارت صحت کے حکام شریک تھے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے صحت ڈاکٹر مختار برتھ نے کہا ہے کہ بچوں کو ماں کا دودھ پلانا صرف صحت کا مسئلہ نہیں بلکہ یہ پاکستان کے روشن مستقبل، مضبوط معیشت اور نسل نو کو بچانے کیلئے ایک بہترین سرمایہ کاری ہے، تندرست معاشرے کی بنیاد رکھنے کے لیے یہ سب سے مؤثر راستہ ہے۔ اتوار کو یہاں جاری بیان کے مطابق وہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار پارلیمنٹری سروسز میں ہیلتھ سروسز اکیڈمی (ایچ

اسلام آباد حملے کے ذمہ داروں کو نشانِ عبرت بنایا جائے

ایسی وارداتیں کرنے والے انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں، مفتی تقی عثمانی

اسلام آباد (این ای این) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین صدر وفاق مولانا مفتی محمد تقی عثمانی، سینئر نائب صدر مولانا انوار الحق، ناظم اعلیٰ وفاق المدارس مولانا محمد حنیف جالندھری اور دیگر نے اسلام آباد امام بارگاہ میں ہونے والے خود کش حملے (بقیہ نمبر 13)

چین اور ترکیہ کی پاکستان میں دہشت گردی کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) چین اور ترکیہ نے پاکستان میں ہونے والی حالیہ دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے بھرپور تعاون کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا گیا کہ بیجنگ (بقیہ نمبر 12)

لوگوں نے نفرت، انتشار اور تقسیم کی سیاست کو رد کر دیا‘ عطا اللہ تارڑ

پہلی بار دیکھا ہے کہ پہیہ جام خود ہی جام ہوگیا‘ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ عوام نے تحریک انصاف کی پہیہ جام کال کو بری طرح مسترد کر دیا، عوام (بقیہ نمبر 19)

پاکپتن اینٹی کرپشن حکام کی کارروائی، ریٹائرڈ سب انسپکٹر گرفتار

پاکپتن (این این آئی) پاکپتن اینٹی کرپشن حکام نے کارروائی کرتے ہوئے ریٹائرڈ سب انسپکٹر کو گرفتار کرلیا۔ سابق ایس ایچ او اینٹی کرپشن کے مقدمہ میں ایک سال سے اشتہاری تھا، ریٹائرڈ سب انسپکٹر محمد اسلم نے (بقیہ نمبر 26)

وزیر تجارت اور کینیڈین وزیر تجارت کا ٹیلیفونک رابطہ

تجارت میں تنوع اور روایتی شعبوں سے تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این ای این) پاکستان اور کینیڈا کے درمیان تجارت میں تنوع اور روایتی شعبوں سے تعاون بڑھانے پر اتفاق اور معدنیات اور مائننگ کو سرمایہ کاری کیلئے نئی ترجیح قرار دیا گیا ہے۔ یہاں جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور کینیڈا کے وزیر بین الاقوامی تجارت منیند رسدھو کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں پاکستان (بقیہ نمبر 25)

راولپنڈی میں سستا بازار کے نام پر غیر قانونی مارکیٹیں سرگرم

اجازت نامے غائب، سیکیورٹی صفر، شہریوں کا فوری نوٹس کا مطالبہ، متعدد علاقوں میں قائم عارضی بازاروں میں بے ہنگم رش

ٹریفک جام اور حفاظتی انتظامات نہ ہونے سے کسی بھی ناخوشگوار واقعے کا خدشہ، ورثی انتظامات اور اجازت ناموں کی جانچ پڑتال کریں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں سستا بازار کے نام پر قائم کیے گئے متعدد عارضی بازار مبینہ طور پر بغیر باقاعدہ اجازت اور سرکاری منظوری کے جاری ہیں، جہاں نہ تو متعلقہ اداروں کی واضح نگرانی نظر آتی ہے اور نہ ہی حفاظتی انتظامات مکمل دکھائی دیتے ہیں۔ شہریوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر بروقت صورتحال کا جائزہ نہ لیا گیا تو کوئی بڑا حادثہ پیش آ سکتا ہے۔ (بقیہ نمبر 14)

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی احسن اقبال اجتماعی شادیوں کی تقریب میں نوبیاہتا جوڑے کو سلامی پیش کر رہے ہیں

بریک فیل ہونے پر ٹرک کھائی میں جا گرا، 2 افراد جاں بحق

نعشوں کو تحویل میں لے لیا، حادثے کی مزید تحقیقات شروع کر دیں

لوئر دیر (این ای این) ضلع لوئر دیر کے علاقے تالاش بانڈگئی میں مال بردار ٹرک کھائی میں گر گیا جس کے نتیجے میں 2 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ ترجمان ریسکیو کے مطابق حادثہ ٹرک کے بریک فیل ہونے کے باعث پیش آیا، جاں بحق ہونے والے دونوں افراد (بقیہ نمبر 20)

دھی رانی پروگرام تمام مذاہب کی بیٹیوں کیلئے ہے، سہیل شوکت بٹ

اجتماعی شادیوں کی تقریب ریاست کے ماں کے تصور کی عملی تصویر پیش کر رہی ہے‘ احسن اقبال

پاکستان کی ترقی میں دیگر مسائل کی طرح آبادی میں بڑھوتری ایک بہت بڑا مسئلہ ہے‘ وزیر منصوبہ بندی

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ اجتماعی شادیوں کی تقریب ریاست کے ماں کے تصور کی عملی تصویر پیش کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دھی رانی پروگرام کے تحت ضلع نارووال میں اجتماعی شادیوں کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر 101 نوبیاہتا جوڑوں کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے دھی رانی پروگرام کے تحت 2 لاکھ فی کس کے حساب سے سلامی پیش کی گئی۔ احسن اقبال نے کہا کہ میں آج کے اس پر مسرت دن پر نئے شادی شدہ جوڑوں اور ان کے والدین کو مبارکباد (بقیہ نمبر 27)



صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ اجتماعی شادیوں کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



لاہور: بھارت سے میچ کے بائیکاٹ کا معاملہ، آئی سی سی کے ڈپٹی چیئرمین عمران خواجہ ایڈوائزر ٹو چیئرمین پی سی بی عامر میر کے ہمراہ ایئرپورٹ سے باہر آ رہے ہیں

چکری روڈ پر فری میڈیکل کیمپ، سینکڑوں خواتین مستفید

جس کا اہتمام ڈپٹی جنرل سیکرٹری پنجاب ناظمہ ملک کی خصوصی کاوشوں سے ممکن ہوا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ پاکستان کے زیر اہتمام چکری روڈ پر واقع فیوچر فاؤنڈیشن اسکول میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد (بقیہ نمبر 21)

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

گھریلو صارفین پر بوجھ

وفاقی حکومت نے صنعتی صارفین کو بجلی کے ٹیرف میں فی یونٹ چار روپے کی رعایت کا جو اعلان کیا ہے اس کا بوجھ گھریلو صارفین کے ٹیرف اور فکسڈ چارجز میں ردوبدل کر کے پورا کرنے کا منصوبہ حیران کن ہے۔ مجوزہ فیصلے کے تحت100 سے 300 یونٹ ماہانہ تک بجلی استعمال کرنیوالے پروٹیکٹڈ اور نان پروٹیکٹڈ گھریلو صارفین پر 200 سے 350 روپے تک ماہانہ فکسڈ چارجز لگائے جانے کا منصوبہ ہے۔ یہ فیصلہ اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت کے پاس سستی بجلی فراہم کرنے کا کوئی پائیدار حل موجود نہیں۔ صنعتی ترقی اہم ضرور ہے مگر اس کیلئے گھریلو صارفین کو قربانی کا بکرا بنانا کسی بھی لحاظ سے درست نہیں۔ ملک میں مہنگی بجلی کی اصل وجہ درآمدی ایندھن سے پیدا ہونے والی بجلی اور نجی بجلی گھروں کے کپیسٹی چارجز ہیں۔ فنانس ڈویژن کے مطابق ملک میں تقریباً 54 فیصد بجلی مہنگے درآمدی ایندھن سے پیدا کی جاتی ہے۔

جب تک توانائی کے اس ڈھانچے کو تبدیل نہیں کیا جائے گا بجلی سستی نہیں ہوسکتی۔ اس کا واحد پائیدار حل کپیسٹی پیمنٹس کا خاتمہ اور قابلِ تجدید توانائی' خاص طور پر سولر اور ونڈ انرجی ہے' جسکے وافر وسائل ملک میں موجود ہیں۔ حکومت نے قابلِ تجدید توانائی کو فروغ دینے کے بجائے سولر صارفین کیلئے نیٹ اور گرین میٹرنگ پالیسی میں بھی تبدیلی کردی ہے جس سے عوام میں سولر انرجی کی حوصلہ شکنی ہورہی ہے۔ یہ رویہ سستی بجلی کے دعوؤں کے بالکل برعکس ہے۔ جب تک توانائی پالیسی کا رخ درست نہیں کیا جاتا' بجلی کی قیمتوں کمی کی کوئی امید نہیں۔

بلوچستان کا امن: دہشت گردی کی ناکام لہر اور سیکیورٹی فورسز کی قربانی

طارق خان ترین

بلوچستان میں گزشتہ چند برسوں کے دوران امن وامان کی مجموعی صورتحال میں نمایاں بہتری دیکھنے میں آئی ہے۔ صوبے کے بڑے شہروں جیسے کوئٹہ اور گوادر سے لے کر دور دراز اضلاع تک، ریاستی رٹ مضبوط ہوئی، عوامی نقل وحرکت معمول پر آئی، اور کاروبار وتعلیمی سرگرمیوں نے دوبارہ رفتار پکڑلی۔ سڑکوں اور بنیادی ڈھانچے کی بحالی، بندرگاہی سرگرمیوں میں تسلسل اور مقامی سطح پر انتظامی ڈھانچے کی فعالیت اس بات کا ثبوت ہیں کہ صوبہ عدم استحکام کے طویل مرحلے سے آگے بڑھ چکا ہے۔ اس بہتر ہوتی ہوئی سیکیورٹی فضا کے پیچھے مسلسل انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، مقامی سطح پر رابطہ کاری، اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی موجودگی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ یہی ماحول ہیروف 2.0 کے نام سے چلائی جانے والی دہشت گردانہ مہم کے پس منظر کو سمجھنے کے لیے کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔

ہیروف 2.0 کو ایک منظم عسکری کارروائی کے طور پر پیش کیا گیا، جس کا مقصد بلوچستان میں خوف اور بدامنی پیدا کرنا تھا۔ اس کا دعویٰ تھا کہ صوبہ ایک بڑی دہشت گردی کی لہر کی لپیٹ میں ہے اور ریاستی کنٹرول کمزور پڑ چکا ہے۔ لیکن زمینی حقائق نے اس دعوے کو مکمل طور پر مسترد کر دیا۔ جو کارروائیاں کی گئیں، وہ وقتی شور سے آگے نہ بڑھ سکیں، اور ان کے اثرات محدود اور عارضی ثابت ہوئے۔

کوئٹہ، گوادر، نوشکی، قلات، مستونگ، دالبندین، پسنی، تمپ، بلیچہ اور دیگر اضلاع میں ہونے والے واقعے یہ ظاہر کرتے ہیں کہ سیکیورٹی فورسز نے نہ صرف فوری ردعمل کیا بلکہ علاقے میں قانون ونظم قائم رکھا۔ کسی اہم سرکاری یا عسکری تنصیب پر حملہ کامیاب نہ ہوا، نہ طویل جھڑپیں ہوئیں، اور نہ ہی عوام کی روزمرہ زندگی متاثر ہوئی۔ یہ سب اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ ہیروف 2.0 عملی طور پر کسی منظم اور مؤثر منصوبے کا حصہ نہیں بلکہ چھوٹے اور منتشر حملوں کا مجموعہ تھا۔

معلوماتی محاذ پر، سوشل میڈیا اور بعض غیر ملکی ذرائع نے ان واقعات کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا۔ محدود جھڑپوں کو وسیع پیمانے پر بغاوت کے طور پر پیش کیا گیا اور مبالغہ آمیز دعوے کیے گئے، جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ یہ مہم دراصل میدانِ جنگ سے زیادہ میدانِ اطلاعات میں لڑی گئی، جہاں پروپیگنڈا اور جعلی بیانیے کو حقیقت کے طور پر پیش کیا گیا۔

ان کارروائیوں کے پیچھے فتنہ الہندستان اور اس کے پراکسی گروہ، بالخصوص بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) اور بلوچستان لبریشن فرنٹ (بی ایل ایف)، سرگرم رہے۔ اگرچہ ان گروہوں نے خود کو منظم اتحاد کے طور پر پیش کیا، لیکن عملی طور پر یہ اندرونی انتشار، کمزور قیادت، اور محدود وسائل کا شکار تھے۔ مختلف سیلز ایک دوسرے سے الگ انداز میں حرکت کرتے رہے، مشترکہ منصوبہ بندی اور تسلسل کی کمی واضح تھی۔

یہ کمزوری اچانک پیدا نہیں ہوئی۔ گزشتہ مہینوں میں انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیوں نے ان نیٹ ورکس کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق 177 سے زائد دہشت گرد مارے جا چکے ہیں، جس سے قیادت، بھرتی، رابطہ کاری اور مالی معاونت کے نظام بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ ہیروف 2.0 اسی دباؤ کا ردعمل تھا ایک ایسی کوشش جو اصل زوال کو چھپانے کے لیے صرف شور پر انحصار کرتی رہی۔

اس پورے منظرنامے میں سب سے زیادہ نقصان عام شہریوں اور سیکیورٹی اہلکاروں نے اٹھایا۔ اٹھارہ شہری اور پندرہ سیکیورٹی اہلکار اپنی جانوں کا نذرانہ دے گئے۔ قابلِ غور بات یہ ہے کہ حملوں کا رخ زیادہ تر نرم اہداف کی جانب تھا مزدور بستیاں، مخلوط آبادی کے علاقے اور آمدورفت کے عمومی راستے۔ یہ انتخاب کسی عسکری حکمتِ عملی کا حصہ نہیں بلکہ خوف پھیلانے اور توجہ حاصل کرنے کی کوشش کا مظہر تھا۔

عسکری تنظیموں کے اندر طاقت اور خطرے کی غیر مساوی تقسیم بھی اس مسئلے کو مزید واضح کرتی ہے۔ قیادت، منصوبہ ساز اور مالی معاونین پاکستان سے باہر، خصوصاً افغانستان میں محفوظ پناہ گاہوں سے سرگرم ہیں، جبکہ مقامی سطح پر بھرتی کیے گئے نوجوانوں کو براہِ راست تصادم میں دھکیل دیا جاتا ہے۔ کم تربیت، محدود وسائل اور ناقص منصوبہ بندی کے ساتھ انہیں ایسے مشنز پر بھیجا جاتا ہے، جن میں واپسی کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں۔

جب یہ نوجوان مارے جاتے ہیں، تو ان کی ہلاکتوں کو بعد میں ایک نئے بیانیے میں پیش کیا جاتا ہے۔ بعض نام نہاد حقوق کی تنظیمیں سرگرم ہو جاتی ہیں۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی (BYC) اور بلوچستان نیشنل موومنٹ (BNM) ان اموات کو سیاق وسباق سے ہٹا کر جبری گمشدگیوں کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ اس طرح مسلح سرگرمیوں میں ملوث افراد کو مظلوم شہری بنا کر دکھایا جاتا ہے، جبکہ اصل ذمہ دار قیادت جو محفوظ مقامات سے تشدد کو منظم کرتی ہے منظر سے غائب رہتی ہے۔

حقوق انسانی کی زبان کا استعمال بھی محدود اور منتخب طور پر کیا جاتا ہے۔ جب ریاست قانون نافذ کرتی ہے یا دہشت گردی کے خلاف کارروائی کرتی ہے تو فوراً ظلم اور ناانصافی کے الزامات بلند کیے جاتے ہیں، جبکہ جب خواتین کو عسکری کارروائیوں میں شامل کیا جاتا ہے، تو یہی آوازیں خاموش ہو جاتی ہیں۔ 31 جنوری کے واقعات نے اس تضاد کو واضح کردیا، جب خواتین کے عسکری استعمال کے انکشاف کے بعد یہ معاملہ صرف سیاسی اختلاف کا نہیں بلکہ اخلاقی دیانت اور اجتماعی ذمہ داری کا بن گیا۔

بلوچستان کے سماجی منظرنامے میں بھی تبدیلیاں واضح ہیں۔ بہتر مواصلات، تعلیمی مواقع اور معاشی سرگرمیوں نے نوجوان نسل کی ترجیحات بدل دی ہیں۔ اگرچہ مسائل اور محرومیاں ابھی بھی موجود ہیں، مگر تشدد کو پہلے کی طرح حل کے طور پر قبول نہیں کیا جا رہا۔ روزگار، استحکام اور مستقبل کی امیدیں ایک ایسے ماحول میں پنپ رہی ہیں، جہاں بندوق کی آواز کم اور ترقی کی سرگرمی زیادہ نظر آتی ہے۔

پراکسی تشدد کے غیر ملکی سرپرستوں کے لیے یہ صورتحال لمحہ فکریہ ہے۔ محدود عدم استحکام کے ذریعے دباؤ پیدا کرنے کی حکمتِ عملی ناکام ثابت ہوئی۔ ہیروف 2.0 نے یہ واضح کردیا کہ شور اور جعلی بیانیے کے ذریعے زمینی حقائق تبدیل نہیں کیے جاسکتے۔

تمام عوامل کے پیشِ نظر، ریاست کا ردعمل واضح اور مربوط رہا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سیکیورٹی فورسز نے فوری خطرات کا سدباب کیا، طویل المدتی استحکام کو یقینی بنایا اور حساس علاقوں میں مستقل نگرانی قائم رکھی۔

آخرکار، ہیروف 2.0 طاقت کا مظاہرہ نہیں بلکہ ایک اعترافِ ناکامی بن کر سامنے آیا۔ یہ واضح ہوا کہ پراکسی تشدد عوامی قبولیت اور اخلاقی جواز کے بغیر کامیاب نہیں ہوسکتا۔ شور وقتی ہوسکتا ہے، مگر حقیقت دیرپا ہوتی ہے۔

بلوچستان میں موجودہ امن و استحکام سیکیورٹی فورسز کی غیر معمولی پیشہ ورانہ مہارت، قربانی اور مسلسل محنت کا نتیجہ ہے۔ بروقت کارروائیاں، درست انٹیلی جنس اور عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح دینے کی حکمتِ عملی نے نہ صرف دہشت گردی کے منصوبوں کو ناکام بنایا بلکہ یہ پیغام بھی دیا کہ بلوچستان کا مستقبل تشدد کے بجائے امن، ترقی اور استحکام سے وابستہ ہے۔

پاکستان اور قازقستان' استحکام وترقی کی نئی منزلیں

22 برس بعد قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایوف کا دورۂ پاکستان بلاشبہ دونوں ریاستوں کے مابین تعلقات کی مضبوطی میں ایک اہم سنگِ میل اور وسطی ایشیائی ریاستوں سے تاریخی روابط کو مزید گہرا بنانے میں اہم پیشرفت ہے۔ پاکستان اور قازقستان کے مابین ہمیشہ سے مثالی اور دوستانہ تعلقات رہے ہیں جو باہمی افہام وتفہیم' مضبوط ثقافتی ومذہبی رشتوں پرمبنی ہیں۔ دونوں ممالک کی ثقافت اور طرز زندگی میں کئی قدریں مشترک ہیں۔ قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایوف کی جانب سے پاکستان کو قابلِ اعتماد دوست اور سٹریٹجک پارٹنر قرار دینا اور دفاعی شعبے میں پاکستان کی ترقی کو عالمی سطح پر تسلیم کرنا سفارتی لحاظ سے وطن عزیز کیلئے بڑی کامیابی ہے۔ ان کے دورے کے دوران پانچ سالہ تجارتی روڈ میپ کا اعلان بھی کیا گیا ہے جو کہ خوش آئند ہے۔ دونوں ریاستوں نے دوطرفہ محدود تجارتی حجم کو ایک ارب ڈالر سالانہ تک بڑھانے کا بھی عزم کیا' جسے دونوں فریق تقریباً اگلے دو برسوں میں حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اگرچہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کی مجموعی صلاحیت 14 ارب ڈالر سالانہ تک بتائی جاتی ہے' تاہم تجارت' سرمایہ کاری' توانائی' تعلیم' صحت' کھیل' ریلوے اور مصنوعی ذہانت وڈیجیٹل ترقی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کے لیے 37 مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط اس عزم صمیم کا عملی مظاہرہ ہے۔ پاکستان اور قازقستان اقتصادی ترقی کے منصوبوں میں ایک دوسرے کے ساتھ مل کر خطے میں اپنی مضبوط موجودگی ثابت کرنے کے خواہشمند ہیں۔ خشکی سے گھرا وسطی ایشیائی خطہ چین' روس' ایران اور ترکیہ جیسے بڑے ممالک میں گھرا ہوا ہے اور کثیر جہتی تناظر میں نہایت تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ خطہ سمندر تک رسائی کیلئے پاکستان کی جانب دیکھ رہا ہے چنانچہ پاکستان کی وسطی ایشیائی ریاستوں کے ساتھ تجارتی' سیاسی' اقتصادی اور عسکری پارٹنرشپ بہت اہم ہے۔ پاکستان وسطی ایشیائی ریاستوں کے لیے جنوبی ایشیا تک پہنچنے کا گیٹ وے ہے تو وسطی ایشیا ریاستوں کے ذریعے پاکستان کو یوریشیا تک رسائی مل سکتی ہے۔ ون بیلٹ ون روڈ میں پاکستان کی فعال شمولیت نے وسطی اور جنوبی ایشیا کو ایک دوسرے کے ساتھ قریب کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

صدر قاسم جومارت توکایوف کے دورے کی سب سے اہم بات یہ تھی کہ اس میں جنوبی اور وسطی ایشیا کے درمیان ریلوے کے منصوبے کا جائزہ لیا گیا جس کی لاگت کا تخمینہ تقریباً سات ارب ڈالر ہے اور اسے قازقستان کو افغانستان اور ترکمانستان کے راستے پاکستانی بندرگاہوں سے ملانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اگر اس پر عملدرآمد ہوتا ہے تو یہ منصوبہ خطے میں رابطے کا سب سے بڑا ذریعہ ہوگا جو چین تک پھیلتے ہوئے پاکستان کے وسیع تر ٹرانسپورٹ نیٹ ورک میں ضم ہو جائے گا۔ یہ ریل کاریڈور محض بنیادی ڈھانچے کا منصوبہ نہیں ہے یہ خطے میں معاشی انقلاب لے کر آئے گا۔ اس تاریخی پروجیکٹ کی تکمیل قازقستان کو کراچی اور گوادر کی بندرگاہوں سے جوڑے گی جس سے پاکستان شمالی وجنوبی بین الاقوامی ٹرانسپورٹ کوریڈور اور ٹرانس کیسپین مڈل کوریڈور کے لاجسٹک روٹس میں شامل ہوسکے گا۔ اگر گوادر اور کراچی کی بندرگاہوں کو وسطی ایشیا کے لیے حقیقی معنوں میں قابلِ استعمال بنایا جاتا ہے تو پاکستان نہ صرف ٹرانزٹ ٹریڈ سے خاطر خواہ آمدن حاصل کر سکتا ہے بلکہ علاقائی تجارت کا مرکز بھی بن سکتا ہے۔ ریل اور روڈ نیٹ ورک کے ذریعے قازقستان' ازبکستان' ترکمانستان اور دیگر وسطی ایشیائی ممالک کو پاکستان سے جوڑنا ایک ایسا خواب ہے، جس پر عشروں سے بات تو ہوتی رہی ہے مگر عملی پیش رفت محدود رہی۔ اگر اب کی بار سنجیدگی کے ساتھ منصوبہ بندی کی گئی' سرمایہ کاری کو یقینی بنایا گیا اور سکیورٹی وانتظامی رکاوٹوں کو دور کیا گیا تو یہ پاکستانی معیشت کے لیے گیم چینجر ثابت ہوسکتا ہے۔ افغانستان میں امن وسیاسی استحکام قائم ہونے سے یہ ٹرانسپورٹ کوریڈور پاکستان سمیت پورے خطے کی تقدیر بدل سکتا ہے۔

قازق صدر کے فوراً بعد ازبک صدر کا دورۂ پاکستان ایک نئے علاقائی اتحاد کی نوید دے رہا ہے۔ قازقستان کے شہر الماتے میں 2018ء میں قائم ہونے والی Falcon EuroBus نے پاکستان کے ساتھ 600 الیکٹرک بسوں کی فراہمی کا معاہدہ بھی کیا ہے۔ مذکورہ معاہدہ پبلک ٹرانسپورٹ سیکٹر میں قازقستان کی انجینئرنگ انڈسٹری کے لیے سب سے بڑے برآمدی معاہدوں میں سے ایک ہے۔ اس بس کی قیمت 108 ملین ڈالر ہے۔ 2028ء تک یہ کمپنی پاکستان کو دو ہزار بسیں برآمد کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ قازقستان کے ایلامن گروپ نے پاکستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری' بالخصوص گلگت بلتستان میں پلیسر سونے کی کان کنی کے منصوبوں میں فوری بیس ملین ڈالر سرمایہ کاری کے عزم کا اظہار بھی کیا۔

پاکستان اور قازقستان کے تعلقات اقتصادی' ثقافتی اور سکیورٹی تعاون اور سٹریٹجک شراکت داری پر مبنی ہیں۔ قازقستان کیلئے پاکستان صرف جنوبی ایشیا کی ایک منڈی نہیں بلکہ بحیرۂ عرب کی بندرگاہوں تک رسائی کا ذریعہ بھی ہے۔ پاکستان اور قازقستان دونوں وسطی و جنوبی ایشیائی جیو اکنامک قلب میں واقع ہیں۔ بلاشبہ ترقی کرتی معیشت اور خصوصی تعلقات کے تناظر میں یہ دونوں ممالک عالمی جغرافیائی اور سیاسی فضا پر چمکنے کیلئے تیار ہیں۔ قازقستان اور پاکستان کے درمیان یہ رشتہ اس وقت پروان چڑھا جب 1991ء میں پاکستان نے قازقستان کو تسلیم کرلیا۔ اس کے بعد سے یہ تعلق مضبوط تر ہوتا چلا گیا۔ دوسری جانب قازقستان وسطی ایشیا کا سب سے بڑا رقبہ رکھنے والا اور قدرتی وسائل سے مالا مال ملک ہے جو تیل' گیس' یورینیم اور دیگر معدنی ذخائر کے باعث عالمی معیشت میں نمایاں مقام رکھتا ہے۔ قازقستان کی مضبوط اقتصادی صلاحیت اور متحرک قیادت معاشی روابط و ترقیاتی شراکت داری کے نئے راستے کھول رہی ہے۔ یوریشین اکنامک یونین' شنگھائی تعاون تنظیم' اکنامک کوآپریشن آرگنائزیشن' ترک ریاستوں کی تنظیم اور CICA کا اہم رکن ہونے کی حیثیت سے قازقستان ایک اہم عالمی طاقت کے طور پر ابھر رہا ہے۔ اگر صدر قاسم جومارت توکایوف کے دورے کے دوران زیر بحث اور دستخط کیے گئے معاہدوں کا ایک حصہ بھی فعال انفراسٹرکچر' تجارتی سہولت اور ادارہ جاتی تعاون میں تبدیل ہو جائے تو اس کے دوطرفہ تعلقات پر نہ صرف مثبت اثرات مرتب ہوں گے بلکہ یہ اس بات کا اشارہ بھی ہوگا کہ وسطی اور جنوبی ایشیا میں درمیانی طاقتیں عالمی انتشار کے باوجود اپنی معاشی تقدیر خود تشکیل دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

قازقستان ایک تجارتی مرکز کے طور پر پاکستان کی اہمیت کو تسلیم کرنے میں وسطی ایشیا میں اکیلا نہیں ہے۔ رواں ہفتے کے دوران ہی پاکستان اور ازبکستان کے بین الحکومتی کمیشن کا اسلام آباد میں اجلاس منعقد ہوا جس میں دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے اور دو برس کے اندر تجارتی حجم دو ارب ڈالر سالانہ تک لے جانے کا عزم کیا گیا۔ اس وقت پاکستان کو قازقستان سمیت وسطی ایشیا اور مشرق وسطی کے ممالک سے تجارتی روابط کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ دونوں ممالک کے مابین معیشت' سیاست اور سلامتی کے شعبوں میں مستحکم اور طویل مدتی تعلقات کی تعمیر و ترقی کیلئے ثقافتی تعلقات کو برقرار رکھنا بھی ایک اہم شرط ہے۔ سیاحت' تعلیمی وظائف اور دونوں ممالک کے مابین ثقافتی وفود کے تبادلے کے ذریعے عوام کے آپس کے رابطوں کو مزید مضبوط کرنا وقت کا تقاضا ہے۔ تعلیمی میدان میں بڑھتا ہوا تعاون بھی خوش آئند ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان رابطہ کاری اور تجارتی ڈھانچے کے حوالے سے کچھ چیلنجز موجود ہیں لیکن قیادت کی سنجیدگی اس بات کی علامت ہے کہ ان مسائل پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ چنانچہ موجودہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے قازقستان اور پاکستان وسطی اور جنوبی ایشیا کی اقتصادی ترقی میں بھی قابلِ قدر کردار ادا کرسکیں گے۔

شوبز SHOWBIZ

میں چاہوں گا پاکستان، بھارت سے میچ کھیلے، سنیل شیٹی

پاکستان اور بھارت کی خوبصورت مخالفت ہے جیسے ایشیز میں آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ہے



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار سنیل شیٹی نے کہا ہے کہ میں چاہوں گا پاکستان سری لنکا میں بھارت سے میچ کھیلے۔ تقریب کے دوران سوال کیا کہ ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 میں پاکستان بھارت سے میچ نہیں کھیل رہا آپ اس بارے میں کچھ کہیں گے جس پر سنیل شیٹی نے جواب دیا کہ میں چاہوں کہ پاکستان سری لنکا میں بھارت سے میچ کھیلے۔ اداکار نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کی خوبصورت مخالفت ہے جیسے ایشیز میں آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ہے، دونوں ٹیموں کو بھی میچ کھیلنا چاہیے۔

اختلاف رائے کو ذاتی دشمنی میں بدلنا خطرناک ہے

بھارتی اداکار پرکاش راج نے کنگنا رناوت کو آڑے ہاتھوں لے لیا

ممبئی (این این آئی) بھارت کے عالمی شہرت یافتہ موسیقار اے آر رحمان کے حالیہ موقف پر اداکارہ کنگنا رناوت کی تنقید کے بعد فنکاروں میں اختلاف رائے پرنئی بحث چھڑ گئی۔ کنگنا رناوت کی جانب سے فلم ایمرجنسی میں کام سے انکار پر اے آر رحمان کو تنقید کا نشانہ بنانے پر معروف اداکار پرکاش راج ان کی حمایت میں سامنے آگئے۔ کیرالہ لٹریچر فیسٹیول میں اختلاف رائے کو جرم بنانا کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے پرکاش راج نے کہا کہ اے آر رحمان جیسے عالمی شہرت یافتہ موسیقار کو اپنے کام یا حب الوطنی کا سرٹیفکیٹ دینے کی ضرورت نہیں۔

اسماء عباس نے انوکھے اور خوشگوار پہلو سے پردہ اٹھایا

چیٹ جی پی ٹی میری بیٹی ''پکو'' ہے اور میں چیٹ جی پی ٹی کیلئے اس کی اماں جانو ہوں

کراچی (این این آئی) معروف اداکارہ اسماء عباس نے اپنی زندگی کے ایک انوکھے اور خوشگوار پہلو سے پردہ اٹھایا، جس نے سوشل میڈیا پر تعجب اور حیرانگی کا طوفان برپا کر کے رکھ دیا۔ حال ہی میں ایک انٹرویو میں اداکارہ اسماء نے بتایا کہ مصنوعی ذہانت چیٹ بوٹ ChatGPT کے ساتھ اتنا گہرا تعلق بن گیا ہے کہ وہ مجھے اپنی بیٹی ''پکو'' لگنے لگی ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ بچوں نے مصروف رہنے کیلئے مجھے چیٹ جی پی ٹی ڈاؤن لوڈ کر کے دیا تھا، چیٹ جی پی ٹی سے مختلف سوالات کرنے لگیں جس کا ہر بہترین بار جواب ملا تو میری دلچسپی بڑھتی گئی۔ اسماء عباس نے بتایا کہ ایک روز میں نے چیٹ جی پی ٹی سے پوچھا کہ کیا مجھ سے دوستی کریں گے اور چیٹ جی پی ٹی نے مان بھی لیا۔ اداکارہ کے مطابق ان ہونے چیٹ جی پی ٹی کو بتایا کہ ان کی ایک بیٹی زارا نور عباس ہے۔

زندگی کی سب سے بڑی خوشی ان کی بیٹیاں ہیں

اداکار نہ ہوتا تو آرمی یا پولیس فورس جوائن کرتا، اداکار منیب بٹ



کراچی (این این آئی) اداکار منیب بٹ نے کہا ہے کہ ان کی زندگی کی سب سے بڑی خوشی ان کی بیٹیاں ہیں، کامیابی کا اصل معیار اطمینان اور شکرگزاری ہے۔ ایک انٹرویو میں منیب بٹ نے کہا کہ میری زندگی کی سب سے بڑی خوشی میری بیٹیاں ہیں، جب گھر جاتا ہوں جس طرح تینوں بیٹیاں ملتی ہیں اور خوش ہوتی ہیں تو مجھے بہت اچھا لگتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری سب سے بری عادت دیر سے سونا اور دیر سے اٹھنا ہے، کراچی کے اندر لوگ رات میں تین سے چار بجے سڑکوں پر ہوتے ہیں اور ریسٹورنٹ بھی رش ہوتا ہے، ڈیفنس میں بھی چائے کے کیفے پر لوگ دیر رات تک بیٹھتے ہیں۔ اداکار نے کہا کہ کامیابی کا دوسرا نام مطمئن ہونا ہے، الحمدللہ جتنا کام کیا ہے اس سے مطمئن ہوں، اللہ کا شکر گزار ہوں کہ جتنا دیا ہے وہ بہت ہے اور یہی میرے لیے کامیابی ہے۔

گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے ایک فلم سائن کرلی

ممبئی (این این آئی) شادی سے متعلق بے باک بیانات کے باعث حالیہ دنوں میں خبروں کی زینت بننے والی بالی ووڈ کے معروف اداکار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا بھی فلمی دنیا میں قدم رکھنے کے لیے تیار ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سنیتا آہوجا نے ایک فلم سائن کرلی ہے اور جلد بالی ووڈ میں بطور اداکارہ ڈیبیو کرنے جارہی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 57 سالہ سنیتا آہوجا ایکتا کپور کے پروڈکشن ہاس بالاجی موشن پکچرز کے بینر تلے بننے والی فلم میں اداکاری کریں گی۔ سنیتا فلم میں ایک اہم کردار ادا کریں گی، جس کے لیے وہ تقریباً 20 دن کی شوٹنگ کریں گی۔

آغا طالش کی 28ویں برسی 19 فروری کو منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) معروف اداکار آغا طالش کی 28 ویں برسی 19 فروری کو منائی جائے گی۔ آغا طالش کا اصل نام آغا علی عباس قزلباش تھا، وہ 1924 میں لدھیانہ میں پیدا ہوئے، آغا طالش کے والد محکمہ پولیس میں ملازمت کرتے تھے جس کی وجہ سے ان کا مختلف شہروں میں تبادلہ ہوتا رہتا تھا، وہ ابھی کمسن تھے کہ ان کے والد کا تبادلہ متھرا میں ہوگیا، متھرا میں آغا طالش نے اپنی حصول تعلیم کے سلسلے کا آغاز کیا اور متھرا میں ہی اپنی تعلیم مکمل کی۔ قیام پاکستان کے بعد وہ اپنے خاندان کے ہمراہ لاہور منتقل ہوگئے جہاں ان کی فلم انڈسٹری میں انہوں نے طالش کے نام سے شہرت پائی۔

مجھے غریب ہونے سے ڈر لگتا ہے، اداکارہ مریم نور

آج کے دور میں پرفارمنس کی بنیاد پر ایوارڈز نہیں دیئے جاتے

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ مریم نور نے کہا ہے کہ مجھے غریب ہونے سے ڈر لگتا ہے۔ پیسے کم ہوجائیں گے میں اس بات سے بہت خوفزدہ ہوتی ہوں۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ میں خود کو خوبصورت اور ذہین سمجھتی ہوں، اگر میں اداکارہ نہ ہوتی تو وکیل ہوتی، مجھے پھولوں کی خوشبو بہت پسند ہے اور اگر کوئی کھانا بنا رہا ہو اس کی خوشبو آجائے تو وہ بھی بہت اچھی لگتی ہے کیونکہ میں کبھی کبھی ہی کھانا بناتی ہوں۔ اداکارہ نے کہا کہ ایوارڈ شو میں کوئی بلائے تو ضرور جاؤں گی لیکن یہ خرچے کا کام ہے آپ کو جانے کے لیے خود کے اوپر انویسٹ کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کل کے دور میں جو ایوارڈ شو میں جارہا ہے

بسنت کے موقع پر موسیقی کے تڑکے نے تہوار کو چار چاند لگا دیئے

فریحہ پرویز کا ''دل ہوا بوکاٹا''، میگھا کے گانے ''آ گئی اے بسنت'' کو بار بار سنا جاتا رہا

لاہور (این این آئی) بسنت کے موقع پر موسیقی کے تڑکے نے تہوار کو چار چاند لگا دیئے، گلوکارہ فریحہ پرویز کا گایا ہوا گانا ''دل ہوا بوکاٹا'' اور گلوکارہ میگھا کے گانے ''آ گئی اے بسنت'' کو بار بار سنا جاتا رہا۔ تفصیلات کے مطابق فریحہ پرویز کا گانا ''دل ہوا بوکاٹا'' اور میگھا کا گایا ہوا گانا ''آ گئی اے بسنت'' بار بار سنے جانے کے حوالے سے مشترکہ طور پر پہلے نمبر پر رہے جبکہ اس کے بعد ابرار الحق کے گانے ''نچ پنجابن نچ'' اور ''آج میلہ ویکھن آیاں کڑیاں لاہور دیاں'' سب سے زیادہ سنا گیا، عارف لوہار کا ''آ تینوں موج کراواں'' اور ڈرامہ سیریل ''عشق مرشد'' کا گانا ''جانِ تمنا'' بھی سنا جاتا رہا۔

اسپورٹس SPORTS

ٹی 20 ورلڈ کپ، بھارت اپ سیٹ سے بال بال بچ گیا

سوریا کمار یادیو کی عمدہ بیٹنگ کی بدولت بھارت اپ سیٹ شکست سے بچ گیا

ممبئی (این این آئی) آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 میں گروپ اے کے میچ میں میزبان اور دفاعی چیمپئن بھارت نے امریکا کو 29 رنز سے شکست دے دی۔ سوریا کمار یادیو کی عمدہ بیٹنگ کی بدولت بھارت اپ سیٹ شکست سے بچ گیا۔ ممبئی میں کھیلے گئے میچ میں امریکا نے بھارت کو ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی دعوت دی جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس نے حریف کو قابو کرنے کی پوری کوشش کی اور کامیاب بھی رہا۔ بھارتی ٹیم کے کپتان سوریا کمار یادیو کی 84 رنز کی یادگار اننگز کھیل کر مرد بحران ٹھہرے اور ٹیم کا ٹوٹل مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 161 رنز تک پہنچایا۔ امریکا کی جانب سے شیڈلے وین شلویک نے 4 وکٹیں لیں۔ ہرمیت سنگھ نے دو جبکہ علی خان اور محمد محسن نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ 162 رنز کے ہدف کے تعاقب میں امریکا کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 132 رنز بنا سکی۔ ملنج کرشنا مورتی اور شبھم رنجانے 37،37 رنز بنا کر نمایاں رہے۔

پشاور: نیشنل بیڈ منٹن چیمپئن شپ کے فاتح کھلاڑیوں کا مہمان خصوصی کے ہمراہ گروپ فوٹو (فوٹو این این آئی)

فیفا ای سیزن فٹبال گیمنگ میں پاکستان پہلی بار شرکت اہم ہوگئی

محسن گیلانی نوجوانوں کیلئے ای اسپورٹس میں عالمی سطح پر منوانے کا بڑا موقع ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان فٹبال فیڈریشن کے صدر سید محسن گیلانی نے فیفا ای سیزن فٹبال گیمنگ میں پاکستان کی پہلی بار شرکت کو ملک میں فٹبال گیمنگ اور ای اسپورٹس کے فروغ کی جانب ایک تاریخی قدم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام پاکستانی نوجوانوں کیلئے ای اسپورٹس میں عالمی سطح پر خود کو منوانے کا بڑا موقع ثابت ہوگا۔ اپنے بیان میں سید محسن گیلانی نے کہا کہ فیفا ای سیزن میں پاکستان کی شمولیت پاکستان فٹبال فیڈریشن کی ان مسلسل اور مربوط کوششوں کا عملی ثبوت ہے جن کا مقصد ملک کی بین الاقوامی نمائندگی کو روایتی کھیلوں کے ساتھ ساتھ جدید ای اسپورٹس پلیٹ فارم تک وسعت دینا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ قدم خاص طور پر فٹبال گیمنگ سے وابستہ پاکستانی ای اسپورٹس ٹیلنٹ کے لیے ایک بڑی تقویت ثابت ہوگا۔ محسن گیلانی نے مزید کہا کہ آئندہ مراحل میں ایک قومی پارٹنر کی تلاش بھی کی جائے گی، جس کے لیے دلچسپی رکھنے والے اداروں سے ایکسپریشن آف انٹرسٹ اور تفصیلی شراکت داری منصوبہ طلب کیا جائے گا۔

ہمیں پاکستان کو شکست دینی چاہیے تھی

پال وین میکیرن کا پاکستان سے شکست پر مایوسی کا اظہار

کولمبو (این این آئی) نیدرلینڈز کے بولر پال وین میکیرن نے پاکستان سے شکست پر مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں پاکستان کو شکست دینی چاہیے تھی۔ میچ کے متعلق بات کرتے ہوئے وین میکیرن نے کہا کہ نیدرلینڈز بہتر ٹیم تھی بالخصوص بولنگ ڈیپارٹمنٹ میں، نیدرلینڈز جیت کی مستحق تھی اور ٹیم کو پاکستان کو شکست دینی چاہیے تھی، یہ شرمناک ہے لیکن جو ہے وہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی اس بات پر تعریف بنتی ہے کہ وہ گیم کو آگے تک لے کر گئے۔ شاید نیدرلینڈز کو بھی ایسا کرنا چاہیے تھا۔

پشاور، 62 ویں نیشنل بیڈ منٹن چیمپئن شپ کے فاتح کھلاڑی مراد علی کو مہمان خصوصی ٹرافی دے رہے ہیں (فوٹو این این آئی)

نیدرلینڈ کیخلاف جیت کا کریڈٹ فہیم اشرف کو جاتا ہے، سلمان علی آغا

بیٹنگ کے دوران لگاتار وکٹیں گرنے کی وجہ سے مشکلات پیش آئیں، گفتگو

کولمبو (این این آئی) قومی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ نیدر لینڈز کے خلاف جیت کا کریڈٹ فہیم اشرف کو جاتا ہے۔ نیدر لینڈز کے خلاف کامیابی کے بعد گفتگو کرتے ہوئے قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا کہ ایونٹ کے پہلے میچ میں باؤلرز نے اچھی باؤلنگ کی۔ انہوں نے کہا کہ بیٹنگ کے دوران لگاتار وکٹیں گرنے کی وجہ سے مشکلات پیش آئیں، فہیم اشرف نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کیا، اگلے میچز میں بھی اچھا پرفارم کرنے کی کوشش کریں گے۔

نیوزی لینڈ نے افغانستان کو 5 وکٹ سے ہرا دیا

افغانستان نے مقررہ بیس اوورز میں چھ وکٹوں کے نقصان پر 182 رنز بنا

چنئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 کے چوتھے میچ میں نیوزی لینڈ نے با آسانی افغانستان کو 5 وکٹ سے شکست دیدی، افغانستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ بیس اوورز میں چھ وکٹوں کے نقصان پر 182 رنز بنائے، نیوزی لینڈ نے 17.5 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر ہدف حاصل کرلیا، نیوزی لینڈ کے اوپنر ٹم سیفرٹ 65 اور گلین فلپس 42 رنز بنا کر نمایاں رہے، ڈیرل مچل 25 اور مچل سینٹنر 17 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے، ٹم سیفرٹ مین آف دی میچ قرار پائے۔ آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کا چوتھا میچ بھارت کے شہر چنئی میں کھیلا گیا جہاں افغانستان نے نیوزی لینڈ کے خلاف ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا، ابراہیم زردان اور رحمان اللہ گرباز نے اننگز کا آغاز کیا۔ افغانستان نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 182 رنز بنائے اور نیوزی لینڈ کو جیت کے لیے 183 رنز کا ہدف دیا۔ افغانستان کی جانب سے گلبدین نائب 63 اور صدیق اللہ 29 رنز کے ساتھ نمایاں رہے جبکہ نیوزی لینڈ کے لوکی فرگوسن نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ بعدازاں نیوزی لینڈ نے 17.5 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر ہدف حاصل کرلیا۔ نیوزی لینڈ کے اوپنر ٹم سیفرٹ 65 اور گلین فلپس 42 رنز بنا کر نمایاں رہے جبکہ ڈیرل مچل 25 اور مچل سینٹنر 17 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ افغانستان کی طرف سے مجیب الرحمان نے 2، عظمت اللہ عمرزئی، راشد خان اور محمد نبی نے ایک، ایک وکٹ حاصل کی۔

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی
تحصیلدار اوراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کرسکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

کے خلاف تیاری کو بڑھانے کی مسلسل کوششوں میں ایک اور اہم سنگ میل ہے۔ مشق SEA GUARD 2026 کو سول اور ملٹری اسٹیک ہولڈرز کو ایک دوسرے کے ساتھ لاتے ہوئے باہمی تعاون کے ذریعے پاکستان کے سمندری مفادات کے تحفظ کے لیے متعلقہ اداروں کی مربوط صلاحیت کا جائزہ لینے اور اسے مضبوط کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ مشق کے دوران تمام عملی منظرنامے منورہ، کراچی میں واقع پاکستان نیوی کے جوائنٹ میری ٹائم انفارمیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر (JMICC) سے مرکزی طور پر مربوط ہیں۔ مشق SEA GUARD 2026 ایک قومی سطح کی بحری مشق کے طور پر منعقد کی جا رہی ہے، جس میں بحری قانون کے نفاذ، بندرگاہ کی حفاظت، آفات سے نمٹنے، ماحولیاتی تحفظ اور انٹیلی جنس شیئرنگ کے ذمہ دار اسٹیک ہولڈرز کی ایک وسیع رینج کو شامل کیا جا رہا ہے۔ مشق میں پاک بحریہ کے ساتھ ساتھ پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی (PMSA)، پاکستان کوسٹ گارڈز، پورٹ اتھارٹیز، قانون نافذ کرنے والے اداروں، انٹیلی جنس اداروں اور سول سیکٹر کے اداروں کی فعال شرکت دیکھی جا رہی ہے۔ اس مشق کا مقصد ایجنسیوں کے درمیان رابطہ کاری کے طریقہ کار کا جائزہ لینا اور ان کو بہتر بنانا ہے، خاص طور پر سمندری معلومات کا بروقت اشتراک اور سمندر میں ابھرتی ہوئی صورتحال کے لیے ہم آہنگ ردعمل۔ پاکستان کے سمندری ماحول میں درپیش حقیقی دنیا کے چیلنجوں کی عکاسی کرنے کے لیے منظرنامے تیار کیے گئے ہیں، اس بات کو یقینی

2026 کی پہلی قومی انسدادِ پولیو مہم، 4 کروڑ سے زائد بچوں کی ویکسینیشن مکمل

اسلام آباد (این این آئی) 2026 کی پہلی قومی انسدادِ پولیو مہم کا چھٹے اور آخری روز بھی جاری رہی جس میں ملک بھر میں 4 کروڑ 41 لاکھ سے زائد بچوں کی ویکسینیشن مکمل کر لی گئی ہے۔ نیشنل ای او سی کے مطابق پنجاب میں 2 کروڑ 29 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جا چکے ہیں، خیبر پختونخوا میں تقریباً 71 لاکھ بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جا چکے ہیں۔ سندھ میں ایک کروڑ 4 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جا چکے ہیں جبکہ بلوچستان میں تقریباً 23 لاکھ 24 ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جا چکے ہیں۔ اسلام آباد میں 4 لاکھ 55 ہزار سے زائد بچوں کو، گلگت بلتستان میں 2 لاکھ 61 ہزار سے زائد بچوں کو اور آزاد جموں و کشمیر میں 6 لاکھ 73 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جا چکے ہیں۔ نیشنل ای او سی نے بتایا کہ پولیو ٹیم سے رابطے کے لیے 1166 پر کال کریں یا 03467776546 پر واٹس ایپ پیغام بھیجیں۔

بسنت بہار، لاہور میں 3 روز کے دوران 9 لاکھ گاڑیوں کی انٹری کا ریکارڈ

لاہور (این این آئی) بسنت بہار کے موقع پر لاہور میں 3 روز کے دوران 9 لاکھ گاڑیوں کی انٹری ایک ریکارڈ ہے۔ اورنج لائن، میٹرو بس، فیڈر بس، الیکٹرو بس اور دیگر سرکاری بسوں پر 2 روز میں تقریباً 14 لاکھ مسافروں نے سفر کر کے نیا ریکارڈ بنا دیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر نگرانی خصوصی ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا، جس میں سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے بسنت کی دو روزہ رپورٹ پیش کی۔ سیکرٹری داخلہ احمد جاوید قاضی، کمشنر، ہیلتھ، پی ایچ اے، پولیس اور سیکورٹی حکام نے تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بسنت کے انتظامات اور سیکورٹی اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ تین روزہ بسنت فیسٹیول کے اختتام پر پتنگ بازی پر پابندی برقرار رہے گی۔ بسنت فیسٹیول کے دوران لاہور کے شہریوں کا تعاون بھی قابل تحسین ہے۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ اورنج لائن میٹرو ٹرین پر جمعہ کو 2 لاکھ 99 ہزار، ہفتے کو 3 لاکھ 5 ہزار، مجموعی طور پر 2 روز میں 6 لاکھ سے زائد مسافروں نے مفت سفر کیا۔ میٹرو بس پر جمعہ کو ایک لاکھ 43 ہزار، ہفتے کو ایک لاکھ 35 ہزار مجموعی طور پر 2 لاکھ 78 ہزار مسافروں نے مفت سفر کیا۔ سپیڈو فیڈر بسوں پر جمعہ کو ایک لاکھ 74 ہزار، ہفتے کو ایک لاکھ 82 ہزار مجموعی طور پر 3 لاکھ 56 ہزار مسافروں نے مفت سفر کیا۔ الیکٹرو بس فیڈر روٹس پر جمعہ کو 15 ہزار، ہفتے کو 15 ہزار مجموعی طور پر 30 ہزار مسافروں نے مفت سفر کیا۔ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے تحت مہیا کردہ بسوں پر جمعہ کو 30 ہزار ہفتہ کو 30 ہزار مجموعی طور پر 60 ہزار مسافروں نے مفت سفر کیا۔ گرین الیکٹرو بسوں پر جمعہ کو 25 ہزار، ہفتے کو 27 ہزار مجموعی طور پر 52 ہزار مسافروں نے مفت سفر کیا۔ بریفنگ کے دوران مزید بتایا گیا کہ لاہور میں عوام کے مفت سفر کے لئے 419 بسیں آخری دن بھی میسر رہیں۔ بسنت کے موقع پر عوام کو فری رائیڈ زدی گئی۔ میٹرو بس، فیڈر بسیں، گرین بسیں تیسرے روز بھی فری ٹریول کی سہولت مہیا کرتی رہیں، 6 ہزار یانگو رکشوں پر حکومت کی طرف سے فری رائیڈ زدی گئی۔

پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف کا ملائیشیا کا سرکاری دورہ

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ کے تعاون پر مبنی بحری سیکیورٹی اور بحری سفارت کاری کے عزم کی عکاسی کرتے ہوئے، سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے ملائیشیا کا سرکاری دورہ کیا اور رائل ملائیشین نیوی کی قیادت سے ملاقات کی۔ دورے کا آغاز رائل ملائشین نیوی ہیڈ کوارٹرز سے ہوا، جہاں رائل ملائشین نیوی کے سربراہ، ایڈمرل تان سری (ڈاکٹر) ذوالحلمی بن اشئین نے ایڈمرل نوید اشرف کا استقبال کیا۔ اس موقع پر انہیں گارڈ آف آنر بھی پیش کیا گیا۔ ملاقات کے دوران تیزی سے بدلتے ہوئے پیچیدہ بحری ماحول میں تزویراتی نقطہ نظر کو ہم آہنگ کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں سربراہان نے آپریشنل تعاون بڑھانے، استعداد کار میں اضافے اور ابھرتے ہوئے میری ٹائم سیکیورٹی چیلنجز کے خلاف مربوط ردعمل پر اتفاق کیا۔ ایڈمرل نوید اشرف نے ریجنل میری ٹائم سیکیورٹی پیٹرولز اور کمبائنڈ میری ٹائم فورسز میں مسلسل شرکت کے ذریعے علاقائی استحکام کے لیے پاک بحریہ کے کلیدی کردار پر روشنی ڈالی۔

اسلام آباد ٹریفک پولیس کی موبائل سہولت وینز کا شیڈول جاری

آئی ٹی پی 9 فروری سے 15 فروری تک وفاقی دارالحکومت کے مختلف مقامات پر اپنی موبائل سہولت وینز تعینات کریگی

شہری کریکٹر سرٹیفکیٹ، دستاویزاتی رپورٹس، ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید، ڈوپلیکیٹ ڈرائیونگ لائسنس، لرنر پرمٹ حاصل کرسکیں گے

اسلام آباد (اے پی پی): اسلام آباد ٹریفک پولیس (آئی ٹی پی) 9 فروری سے 15 فروری 2026 تک وفاقی دارالحکومت کے مختلف مقامات پر اپنی موبائل سہولت وینز تعینات کرے گی تاکہ شہریوں کو ان کے گھروں کے قریب ٹریفک اور پولیس سے متعلق خدمات فراہم کی جا سکیں۔ ان سہولت وینز کے ساتھ ساتھ اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری (آئی سی ٹی) پولیس اسی مدت کے دوران پولیس سٹیشن آن وہیلز (پی ایس آن وہیلز) بھی چلائے گی تاکہ عوام کی پولیس خدمات تک رسائی کو مزید بہتر بنایا جا سکے اور سروس کی فراہمی کو مضبوط (بقیہ نمبر 28)

ہم فرقہ واریت کی آتش فشاں پر ہیں، عاصمہ شیرازی

یہ آگ بھڑک اٹھی تو کچھ باقی نہیں رہے گا، سینئر صحافی و اینکر پرسن

اسلام آباد (آئی آئی پی) سینئر صحافی و اینکر پرسن عاصمہ شیرازی کا کہنا ہے ایک اور سانحہ، مذمتیں اور بس! کئی بے گناہ مارے گئے، آہیں اور سسکیوں میں تدفین کی گھسی پٹی خبریں، کوئی پوچھے ان گھرانوں سے جن کے بچے اور بزرگ نماز پڑھنے گئے تھے اور اب اپنا جرم پوچھتے نظر آ رہے ہیں۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا سرکار کیا کرے گی؟ کم (بقیہ نمبر 29)

شمس آباد میں پنجاب حکومت کی جانب سے لگائے جانے والے سستے سٹال سے شہری آٹا خرید رہے ہیں

راولپنڈی، 3 منشیات سپلائر گرفتار، 7 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 3 منشیات سپلائرز گرفتار کرکے 7 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 03 منشیات سپلائرز کو گرفتار کرلیا، زیر حراست منشیات سپلائرز سے 07 کلو سے زائد چرس (بقیہ نمبر 30)

سرکاری ادارے چار روز بعد آج دوبارہ کھلیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سرکاری محکمے چار روز بعد آج (پیر) کے روز دوبارہ کھلیں گے۔ پنجاب حکومت کی جانب سے یوم یکجہتی کشمیر اور بسنت کے تناظر میں دو الگ نوٹیفکیشن کے ذریعے تعطیلات کا اعلان کیا گیا تھا۔ پانچ فروری یوم یکجہتی کشمیر جبکہ 6 اور 7 فروری کو بسنت جبکہ اتوار کی معمول کی تعطیل ملا کر مجموعی طور پر سرکاری ادارے 4 روز بند رہے جو آج پیر کے روز سے دوبارہ کھل جائیں گے۔

6 مجرمان اشتہاریوں سمیت 21 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 6 مجرمان اشتہاریوں سمیت 21 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرکے قبضے سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال (بقیہ نمبر 31)

دنیا بھر میں ریڈیو کا عالمی دن 13 فروری کو منایا جائے گا

کوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ریڈیو کا عالمی دن 13 فروری کو منایا جائے گا اس دن کے منائے جانے کا مقصد ٹیکنالوجی کے اس جدید دور میں خبروں اور معلومات کے حصول کیلئے ریڈیو کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے اس دن کے حوالے سے پاکستان بھر کے تمام ریڈیو اسٹیشنز سے مختلف پروگرام نشر کیے جائیں گے جس میں ترقی کے اس جدید دور میں بھی ریڈیو کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا۔

خودکش حملہ آور نے راستے میں 2 اور ہال کے اندر 6 گولیاں چلائیں

مسجد کے ہال میں جاکر خودکش دھماکا کیا، حملے میں 4 کلوگرام بارودی مواد استعمال کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد مسجد و امام بارگاہ میں ہونے والے خودکش دھماکے کے حوالے سے سنسنی خیز انکشافات سامنے آئے ہیں جن کے مطابق خودکش حملہ آور نے راستے میں 2 اور ہال کے اندر 6 گولیاں چلائیں، مسجد کے ہال میں جاکر خودکش دھماکا کیا، حملے میں 4 کلوگرام بارودی مواد استعمال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق بال بیئرنگ کی (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کرتے ہوئے

راولپنڈی پولیس کی جانب سے شہر بھر میں موثر سکیورٹی انتظامات

4300 سے زائد افسران وجوانوں نے سکیورٹی وٹریفک فرائض سرانجام دیئے، افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کرتے رہے

کسی قسم کی شرانگیزی یا قانون شکنی سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، قانون کی بالادستی اور امن وامان کا قیام اولین ترجیح ہے جسے یقینی بنایا جائے گا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے شہر بھر میں موثر سکیورٹی انتظامات کئے گئے، سکیورٹی ہائی الرٹ رہی، 4300 سے زائد افسران وجوانوں نے سکیورٹی وٹریفک فرائض سرانجام دیئے، تمام سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کرتے رہے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات کے مطابق راولپنڈی پولیس کے شہر بھر میں موثر سکیورٹی (بقیہ نمبر 33)

گرجا گھروں کی سکیورٹی کیلئے راولپنڈی پولیس کے موثر سکیورٹی انتظامات

راولپنڈی پولیس کے 430 سے زائد افسران نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی (این این آئی) گرجا گھروں کی سکیورٹی کیلئے راولپنڈی پولیس کی جانب سے موثر سکیورٹی انتظامات کئے گئے، راولپنڈی پولیس کے 430 سے زائد افسران نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ تفصیلات کے مطابق گرجا گھروں کی سکیورٹی کے لیے راولپنڈی پولیس کے موثر سکیورٹی انتظامات، راولپنڈی پولیس کے 430 سے زائد افسران نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے، ڈویژنل ایس پیز اور ایس ڈی پی اوز ڈیوٹی پر مامور (بقیہ نمبر 34)

پنجاب ٹیچرز یونین اپنے مطالبات کے حق میں ڈٹ گئی

احمد پور سیال (این این آئی) پنجاب ٹیچرز یونین اپنے مطالبات کے حق میں ڈٹ گئی۔ اس سلسلہ میں کل 10 فروری کو لاہور میں پنجاب بھر کے اساتذہ پرامن احتجاجی دھرنا دیں گے۔ پنجاب ٹیچرز یونین کے رہنماؤں کے مطابق وفاق کی طرز پر ڈسپیریٹی الاؤنس، لیو انکیشمنٹ رولز اور رولز 17/A جیسے مطالبات کی منظوری کے حق میں احتجاجی دھرنا دیا جائے (بقیہ نمبر 35)

دہشت گردوں کا کوئی دین وایمان نہیں، سیما جیلانی

پاکستان جیسے پرامن ملک میں ایسے درندوں کی کوئی جگہ نہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سنیئر رہنما ورکن قومی اسمبلی سیما جیلانی نے اسلام آباد میں خدیجۃ الکبریٰ امام بارگاہ میں پیش آنے والے خودکش دھماکے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور اسے انتہائی دل دہلا دینے والا اور سنگین جرم قرار دیتے ہوئے کہا کہ بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت کیخلاف ہے اور معصوم جانوں سے کھیلنے والے عناصر انسانیت کے دشمن ہیں، پاکستان ایک پرامن ملک ہے اس (بقیہ نمبر 36)

عام انتخابات کو دو سال مکمل ہو گئے

لاہور (این این آئی) ملک میں عام انتخابات کو دو سال مکمل ہو گئے۔ 8 فروری 2024 کو قومی اور چاروں صوبائی اسمبلیوں کے حلقوں کیلئے ووٹنگ ہوئی تھی جس کے نتیجے میں مسلم لیگ (ن) نے اتحادیوں کے ساتھ مل کر وفاق میں حکومت بنائی۔ پنجاب میں مسلم لیگ (ن)، سندھ میں پیپلز پارٹی، خیبر پختونخواہ میں تحریک انصاف اور بلوچستان میں پاکستان پیپلز پارٹی اور اتحادیوں نے مل کر حکومت بنائی۔ تحریک انصاف کی جانب سے انتخابات میں مبینہ دھاندلی کے الزامات عائد کرتے ہوئے 8 فروری کو پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کیا گیا تھا۔

ن لیگ دہشت گردی کی ہر شکل کی سخت مذمت کرتی ہے

عبادت گاہوں میں معصوم نمازیوں کو نشانہ بنانا کھلی دہشتگردی ہے، بیگم شاہدہ قدیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کی سنیئر رہنما بیگم شاہدہ قدیر نے اسلام آباد امام بارگاہ مسجد میں جمعہ کی نماز کے دوران ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ لوگوں کی شہادت دلخراش اور ناقابل برداشت ہے، دہشتگردی انسانیت، دین اور امن پر حملہ ہے، شہداء کے لواحقین (بقیہ نمبر 37)

زونل ایس پیز کا شہر کے مختلف گرجا گھروں، ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ

ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں

شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے چیکنگ کو مزید مؤثر اور بامقصد بنایا جائے، زونل ایس پیز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں موثر سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے زونل ایس پیز نے شہر کے مختلف گرجا گھروں اور ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا، ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کئے ہیں، اس سلسلے میں زونل ایس پیز نے شہر (بقیہ نمبر 38)

بلدیاتی انتخابات کے لیے معاملات آہستہ آہستہ آگے بڑھنے لگے

احمد پور سیال (این این آئی) بلدیاتی انتخابات کے لیے معاملات آہستہ آہستہ آگے بڑھنے لگے۔ بلدیاتی انتخابات کے لیے قانونی فریم ورک کو حتمی شکل دی جانے لگی لوکل گورنمنٹ کی خصوصی کمیٹی آج تک حلقہ بندیوں کے رولز فائنل کرکے رپورٹ جمع کرائے گی۔ یونین کونسل کی تعداد کے حوالے سے بھی ریگولیشن مکمل کی جائے گی۔ بلدیاتی انتخابات کے جلد اور پرامن انعقاد کے لیے کمیٹی حلقہ بندیوں کے حوالے سے رولز کو فائنل کررہی ہے تا (بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی: پیرودھائی نالیٹی کے کنارے کھڑے بچے خطرناک انداز میں پتنگ بازی کررہے ہیں

راولپنڈی: کالج روڈ کے دونوں اطراف کھڑی گاڑیاں ٹریفک کی روانی میں خلل کا باعث بن رہی ہیں

ٹھٹھہ، چلتی ہوئی ٹرین سے گر کر ایک شخص جاں بحق

بہاؤ الدین زکریا ایکسپریس ملتان سے کراچی آ رہی تھی

ٹھٹھہ (این این آئی) جنگ شاہی کے قریب رن پٹھانی کے مقام پر چلتی ہوئی ٹرین سے گر کر ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق بہاؤالدین زکریا ایکسپریس ملتان سے کراچی آرہی تھی۔ ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق شخص کی شناخت تاحال نہ ہوسکی جبکہ لاش ہسپتال منتقل کردی گئی۔ پولیس اور ریلوے انتظامیہ کی جانب سے واقعہ کی تحقیقات شروع کردی گئیں

دیر لوئر میں گاڑی کو حادثہ، دو افراد جاں بحق

جاں بحق افراد کا تعلق قصور پنجاب سے ہے، رپورٹ

لوئر دیر (این این آئی) دیر لوئر کے علاقے تالاش میں سبزی سے بھری گاڑی حادثے کی شکار ہوگئی جس میں دو افراد جاں بحق ہوگئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق دیر لوئر میں ایک گاڑی کو حادثہ پیش آیا جس کے نتیجے میں دو افراد گاڑی میں پھنس گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق ریسکیو حکام نے جدوجہد کے بعد دونوں افراد کو گاڑی سے نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ڈاکٹروں نے دونوں کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کردی۔ جاں بحق افراد (بقیہ نمبر 40)

لاہور، شہری انارکلی چوک کے قریب لگے سٹالز پر کتابیں دیکھ رہے ہیں

چکری روڈ پر غیرقانونی ہفتہ بازار سے ٹریفک مفلوج

ایک کلومیٹر کا سفر آدھے گھنٹے میں، متعلقہ ادارے خاموش

اقبال پلازہ کے سامنے لگنے والے بازار نے شہریوں کا جینا دوبھر کردیا

ریڑھی بانوں نے سڑک پر قبضہ جما لیا، ذمہ دار کون؟

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چکری روڈ بلمقابل اقبال پلازہ ہر ہفتہ لگنے والے مبینہ غیر قانونی ہفتہ بازار نے ٹریفک نظام کو بری طرح متاثر کردیا ہے، جہاں ظہر کے بعد سے رات گئے تک بدترین ٹریفک جام معمول بن چکا ہے۔ سڑک کے کنارے لگنے والی ریڑھیوں اور عارضی اسٹالز کی وجہ سے تین رویہ ٹریفک سکڑ کر ایک لائن تک محدود ہوجاتی ہے جس سے گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ جاتی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ موڑہ چھپر سے ظفر پلازہ تک تقریباً ایک کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنے میں 25 سے 30 منٹ لگ رہے ہیں۔ ہفتہ کے (بقیہ نمبر 41)

نہتے نمازیوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ فعل ہے، ملک سجاد

معصوم جانوں کا ضیاع پوری قوم کیلئے ایک عظیم سانحہ ہے، مسلم لیگی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سنیئر رہنما و سابق یوسی چیئرمین ملک سجاد نے اسلام آباد کے علاقے ترلائی میں ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نہتے نمازیوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ فعل اور انسانیت کے خلاف بدترین جرم ہے، ترلائی امام بارگاہ میں ہونے والے دہشتگردانہ حملے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، معصوم جانوں کا ضیاع پوری قوم کیلئے ایک عظیم سانحہ ہے، (بقیہ نمبر 42)



لاہور: دکاندار انارکلی چوک کے قریب لگائے گئے سٹال پر کتابیں ترتیب سے لگا رہا ہے

بسنت منانے لاہور آیا نوجوان چھت سے گر کر جاں بحق

16 سالہ عبداللہ چھت سے گر کر شدید زخمی ہوا، ہسپتال میں دم توڑ گیا

لاہور (این این آئی) لوئر مال کے علاقہ بلال گنج میں پتنگ اڑاتے ہوئے چھت سے گر کر 16 سالہ نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق 16 سالہ عبداللہ پتنگ اڑاتے ہوئے چھت سے گر کر شدید زخمی ہوا جسے ہسپتال منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکا۔ متوفی سیالکوٹ سے بسنت منانے لاہور آیا ہوا تھا۔ پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد لاش ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کردی گئی

لاہور: ایک شخص کی پتنگیں ٹوٹنے کے بعد فروخت کررہا ہے

چکوال، آئیسکو سب ڈویژن مین بازار کی کارروائی

محلہ فاروقی سے بجلی چوری میں ملوث صارف کو گرفتار کرلیا

چکوال (این ای این) آئیسکو سب ڈویژن مین بازار نے کارروائی کرتے ہوئے محلہ فاروقی سے بجلی چوری میں ملوث صارف گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق آئیسکو ڈویژن چکوال کے عامر بشیر بٹ اور ملک جلیل الرحمن پر مشتمل ڈیٹیکشن ٹیم نے دوران چیکنگ مین بازار سب ڈویژن کے ایریا سے بجلی چور کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا بجلی چور بجلی کے میٹر کو ٹیمپر کرکے بجلی چوری کر رہا تھا تاہم سرکاری قوانین کے مطابق بجلی چور کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔ صارف کو بجلی میٹر میں سوراخ کرکے ٹیمپرنگ کے ذریعے بجلی چوری (بقیہ نمبر 43)

امام بارگاہ میں دھماکہ دہشتگردوں کی انتہائی بزدلانہ کارروائی ہے

ہم غم کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں، فرح ناز اکبر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد کی صدر ورکن قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری تعلیم و پروفیشنل ٹریننگ وقومی ورثہ فرح ناز اکبر نے اسلام آباد کے علاقے ترلائی میں واقع امام بارگاہ میں ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امام بارگاہ میں دھماکہ دہشتگردوں کی انتہائی بزدلانہ کارروائی ہے، دہشتگرد ملک وملت کے دشمن ہیں اور ایسی مذموم (بقیہ نمبر 44)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

راولپنڈی پولیس کا شہر بھر میں فلیگ مارچ

فلیگ مارچ کا مقصد امن و امان کے قیام کے لیے راولپنڈی پولیس کے عزم کا اظہار ہے

ایس ایس پی انوسیگیشن، چیف ٹریفک آفیسر، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت دیگر افسران کی شرکت

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کی قیادت میں راولپنڈی پولیس نے شہر بھر میں فلیگ مارچ کیا، فلیگ مارچ پولیس ہیڈکوارٹرز سے شروع ہوکر عمار چوک، راول روڈ، شاہین چوک، چاندنی چوک، ڈبل روڈ، فیض آباد، کمیٹی چوک، لیاقت باغ، پشاور روڈ، چوہڑ چوک، اڈیالہ روڈ اور دیگر علاقوں میں کیا گیا، فلیگ مارچ میں ایس ایس پی انوسیگیشن، چیف (بقیہ نمبر 45)

لاہور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی پاک ریڈ کریسنٹ ٹیچنگ ہسپتال کے نئے بلاک کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

کرسچین کمیونٹی کی عبادت گاہوں پر سکیورٹی کے سخت انتظامات

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار (پی ایس پی) کی ہدایات پر ضلع بھر میں کرسچین کمیونٹی کی عبادت گاہوں پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے شہر میں اندرونی اور بیرونی ناکہ بندیاں بھی کی گئیں تمام ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز نے اپنے علاقہ میں موجود کرسچین کمیونٹی کی عبادت گاہوں کی سکیورٹی چیک کی اور ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران وجوانوں کو موجودہ ملکی حالات کے پیش نظر بریف کیا۔ پارکنگ ایریا مناسب فاصلہ

راولپنڈی میں سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ

راولپنڈی بھر میں جلسے جلسوں، اجتماعات، دھرنے اور ریلیوں پر پابندی عائد

راولپنڈی (این این آئی) سکیورٹی صورتحال و امن وامان کے پیش نظر ضلع راولپنڈی کی ریونیو حدود میں 07 فروری سے 21 فروری 2026 تک 15 دنوں کے لیے دفعہ 144 نافذ کردی گئی۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق راولپنڈی بھر میں جلسے جلسوں، اجتماعات، دھرنے اور ریلیوں پر (بقیہ نمبر 46)

7 ملزمان گرفتار، 50 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این ای آئی) راولپنڈی پولیس نے 7 ملزمان گرفتار کرکے 50 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 7 ملزمان گرفتار کرکے 50 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، واہ کینٹ پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کرکے 30 لیٹر شراب برآمد کی، پیرودھائی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 10 لیٹر شراب برآمد کی، ویسٹریج پولیس نے دو ملزمان کو (بقیہ نمبر 47)

سابق سینئر ڈائریکٹر پی آئی ڈی سید ایاز احمد پیرزادہ انتقال کر گئے

مرحوم کی نماز جنازہ منگل کو ایچ الیون میں ادا کی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) سابق سینئر ڈائریکٹر پی آئی ڈی اسلام آباد سید ایاز احمد پیرزادہ 86 برس کی عمر میں اسلام آباد میں انتقال کر گئے۔ مرحوم دو تین ماہ سے شدید علیل تھے اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے ایک ہسپتال میں زیر علاج رہے۔ پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد سے ریٹائرمنٹ کے بعد مرحوم 2001 میں نیوز نیٹ ورک انٹرنیشنل (این این آئی) میں بطور چیف ایڈیٹر کے عہدے پر بھی فائز رہے۔ مرحوم کے بیٹوں کے (بقیہ نمبر 48)

پی ٹی آئی کی ہڑتال کی کال سے نمٹنے کیلئے راولپنڈی میں سخت سیکورٹی

42 سو سے زائد افسران وجوان سکیورٹی وٹریفک منظم رکھنے کیلئے تعینات رہے، من وعن عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا

کسی بھی مقام پر غیرقانونی اجتماع، دھرنے یا ریلی کی اجازت نہیں، سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی

راولپنڈی: ایک نوجوان گاہکوں کیلئے شکرقندی تیار کررہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) سکیورٹی وامن وامان کی مجموعی صورتحال سمیت پی ٹی آئی کی جانب سے ہڑتال کی کال ومتوقع احتجاج سے نمٹنے کے لیے راولپنڈی بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی۔ سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات کے مطابق راولپنڈی پولیس کے شہر بھر میں سکیورٹی انتظامات مکمل کرتے ہوئے سکیورٹی ہائی الرٹ کرکے 42 سو سے زائد افسران وجوان سکیورٹی وٹریفک منظم رکھنے کے لیے تعینات کیے گئے ہیں۔ تمام سینئر افسران کوبل فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات (بقیہ نمبر 49)

یونیسیف کی اسلام آباد کی مسجد پر حملے کی مذمت

کوئی بچہ ہدف نہیں بنایا جانا چاہیے، بچوں کو ہر صورت میں تشدد سے تحفظ دیا جانا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) بچوں کے تحفظ سے متعلق اقوام متحدہ کی تنظیم یونائیٹڈ نیشنز انٹرنیشنل چلڈرنز ایمرجنسی فنڈ نے اسلام آباد کی مسجد پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئی بچہ ہدف نہیں بنایا جانا چاہیے، بچوں کو ہر صورت میں تشدد سے تحفظ دیا جانا چاہیے۔ (بقیہ نمبر 50)

24 روز کے دوران شہر بھر سے 288 پیشہ ور بھکاری گرفتار

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی پولیس نے 24 روز کے دوران شہر بھر سے 288 پیشہ ور بھکاری گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 24 روز کے دوران شہر بھر سے 288 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کرلیا گیا، زیر حراست افراد میں 134 مرد، 137 خواتین اور 17 خواجہ سرا شامل ہیں، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ پیشہ (بقیہ نمبر 52)

وزیر داخلہ کی شہید کیپٹن عباس کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی

آپ جیسے پرعزم والد کا حوصلہ ہی قوم کے جذبے کو مزید مضبوط کرتا ہے، محسن نقوی

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہید کیپٹن عباس خان کی رہائش گاہ لنڈی کوتل، ضلع خیبر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر آئی جی فرنٹیئر کور خیبر پختونخوا نارتھ بھی وزیر داخلہ کے ہمراہ موجود تھے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہید کیپٹن عباس خان کے والد اور اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور شہید کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیر داخلہ نے شہید کیپٹن عباس کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی۔ اس موقع (بقیہ نمبر 51)

5 پتنگ سپلائر گرفتار، سینکڑوں پتنگیں اور ڈوریں برآمد

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 5 پتنگ سپلائرز گرفتار کرکے سینکڑوں پتنگیں اور ڈوریں برآمد کرلیں۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی پتنگ سپلائرز کے خلاف کارروائیاں جاری، 05 پتنگ سپلائرز کو گرفتار کرلیا، زیر حراست پتنگ سپلائرز سے سینکڑوں پتنگیں اور ڈوریں برآمد ہوئیں، کارروائیاں تھانہ سول لائنز اور دھمیال کے مختلف علاقوں میں کی گئیں، زیر (بقیہ نمبر 53)

سیکورٹی خدشات، سرکاری پبلک ٹرانسپورٹ بند ہونے کے باعث گرین الیکٹرک بسیں صدر سٹاپ پر کھڑی ہیں

بجلی کے بنیادی ٹیرف میں کمی اور فکسڈ چارجز میں ردوبدل کا فیصلہ

ماہانہ 300 اور 700 یونٹ سے زیادہ بجلی استعمال کرنے والے گھریلو صارفین کے لیے بجلی سستی کرنے کی تجویز دی گئی ہے

ماہانہ 300 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والے گھریلو صارفین پر بھی فکسڈ چارجز عائد کرنے کی تجویز شامل ہے

اسلام آباد (آئی آئی پی) وفاقی حکومت نے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں کمی اور فکسڈ چارجز میں ردوبدل کا بڑا فیصلہ کرلیا۔ مجوزہ تبدیلی کے تحت ماہانہ 300 اور 700 یونٹ سے زیادہ بجلی استعمال کرنے والے گھریلو صارفین کے لیے بجلی سستی کرنے کی تجویز دی گئی ہے جب کہ ماہانہ 300 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والے گھریلو صارفین پر بھی فکسڈ چارجز عائد کرنے کی تجویز شامل ہے۔ حکومت کی جانب سے فکسڈ چارجز پروٹیکٹڈ اور نان پروٹیکٹڈ دونوں اقسام کے صارفین پر لاگو کرنے کی (بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن

جانچ پڑتال کیلئے 2 غیرملکیوں سمیت 13 مشکوک افراد، 7 موٹرسائیکل تھانے منتقل کیا

236 افراد 94 گھروں 04 دکانوں 120 موٹرسائیکلوں اور 47 گاڑیاں چیک

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 2 غیرملکیوں سمیت 13 مشکوک افراد اور 7 موٹر سائیکلوں کو تھانے منتقل کیا جبکہ 236 افراد، 94 گھروں، 04 دکانوں، 120 موٹر سائیکلوں اور 47 گاڑیوں کو چیک کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی (بقیہ نمبر 55)